# Practice Question Paper 2020-21

## Class-X

Time: 3 Hrs. Subject: Urdu-B (303) M.M.:80

## (40) Part-A Reading Comprehension and Grammar MCQ

**سوال نمبر 1:-درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کرلکھیے ۔** 1x5=5

قید سے رہائی کے بعد حسرتؔ کے سیاسی خیالات میں اور شدت پیدا ہوگئی۔ اس زمانے میں سودیشی تحریک شروع ہو چکی تھی ۔ اِس تحریک کا مطلب تھا کہ اپنے ہی ملک کی بنی ہوئی چیزیں خریدی اور استعمال کی جائیں ۔ بدیسی مال کا بائیکاٹ کیا جائے۔ انھوں نے کھدر کا استعمال پہلے ہی شروع کر رکھا تھا۔عوام میں بھی سودیشی مال کے استعمال کو رائج کرنے کے لیے حسرتؔ نے علی گڑھ کے محلّہ رسل گنج میں ایک سودیشی اسٹور کھولا جو کامیابی سے چلا۔ 1920 میں حسرتؔ علی گڑھ کو خیر باد کہہ کر کانپور آ گئے اور یہاں بھی ایک سودیشی اسٹور قائم کیا۔

حسرتؔ موہانی کے مزاج میں سادگی بہت تھی ۔ اُن کے لباس اور رہن سہن کو دیکھ کر گمان بھی نہیں ہوسکتا تھا کہ وہ بلند پایہ شاعر، ادیب اور سیاست داں ہیں۔ انگریز حکومت کو حسرتؔ موہانی کی سیاسی سرگرمیاں قطعی پسند نہیں تھیں ۔ انگریز انھیں ایک بڑا باغی سمجھتے تھے۔لیکن حسرتؔ ان سب باتوں سے بے نیاز اپنے مقصد میں لگے رہتے ۔

(I) حسرتؔ موہانی کی سیاسی سرگرمیاں کس کو ناپسند تھیں؟

A. والد کو

B. گاندھی جی کو

C. سرسید کو

D. انگریز حکومت کو

(II) 1920 میں حسرتؔ موہانی علی گڑھ کو خیر باد کہہ کر کہاں چلے گئے؟

A. آگرہ

B. کانپور

C. دہلی

D. لکھنؤ

(III) حسرتؔ موہانی نے علی گڑھ کے کس محلے میں سودیشی اسٹور کھولا تھا؟

A. رسل گنج

B. ریڈیو کالونی

C. یونیورسٹی روڈ

D. سنجے گاندھی کالونی

(IV) انگریز کس کو بڑا باغی سمجھتے تھے؟

A. غالبؔ کو
B. حسرتؔ موہانی کو
C. سر سید کو
D. مجازؔ لکھنوی کو

(V) حسرتؔ موہانی کے سیاسی خیالات میں کب شدت پیدا ہوئی؟

A. طالب علمی کے زمانے میں
B. قید سے رہائی کے بعد
C. جیل میں رہتے ہوئے
D. قیدیوں سے ملنے کے بعد

**سوال نمبر2:- درج ذیل غیر درسی شعری حصّے کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر لکھیے۔** **1x5=5**

ماں باپ اور استاد سب ہیں خدا کی رحمت
ہے روک ٹوک ان کی حق میں تمہارے نعمت
کڑوی نصیحتوں میں ان کی بھرا ہے امرت
چاہو اگر بڑائی تو کہنا بڑوں کا مانو
ماں باپ کا عزیز و مانا نہ جس نے کہنا
دشوار ہے جہاں میں عزت سے اس کا رہنا
ڈر ہے پڑے نہ صدمہ ذلت کا اس کا سہنا
چاہو اگر بڑائی تو کہنا بڑوں کا مانو
تم کو خبر نہیں کچھ اپنے بھلے برے کی
جتنی ہے عمر چھوٹی اتنی ہے عقل چھوٹی
ہے بہتری اسی میں ہے جو بڑوں کی مرضی
چاہو اگر بڑائی تو کہنا بڑوں کا مانو

(I) کس کی مرضی میں بہتری ہے؟

A. بڑوں کی
B. وکیل کی
C. ڈاکٹر کی
D. سیاست داں کی

(II) کس کی روک ٹوک ہمارے حق میں نعمت ہے؟

A. وکیل کی

B. دشمنوں کی

C. رہنماؤں کی

D. والدین اور استاد کی

(III) والدین اور استاد کی نصیحتوں میں کیا بھرا ہے؟

A. ڈر

B. امرت

C. غم

D. احساس

(IV) ماں باپ اور استاد کس کی رحمت ہیں؟

A. خدا کی

B. زمین کی

C. چاند کی

D. سورج کی

(V) بڑائی کے لیے ہمیں کس کا کہنا ماننا چاہیے؟

A. دشمنوں کا

B. وکیلوں کا

C. بدمعاشوں کا

D. بڑوں کا

**سوال نمبر 3:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔** **1x4=4**

(I) لفظ 'بہادر' کا متضاد ہے۔

A. بزدل

B. طاقت ور

C. عقل مند

D. بے وقوف

(II) لفظ 'حیات' کا مترادف ہے۔

A. نفرت

B. زندگی

C. الفت

D. رقیب

(III) لفظ 'دکھ ' کا متضاد ہے۔

A. درد

B. سکھ

C. غم

D. پریشانی

(IV) لفظ 'شکست' کا مترادف ہے۔

A. آزادی

B. آواز

C. ہار

D. خواب

(V) لفظ 'بُری' کا متضاد ہے۔

A. برائی

B. خرابی

C. برائی

D. اچھی

**سوال نمبر 4:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔** **1x4=4**

(I) 'مدد' کی جمع ہے۔

A. آمد

B. مدت

C. مدار

D. امداد

(II) 'ممالک' کا واحد ہے۔

A. املاک

B. ملک

C. مالک

D. ملکہ

(III) 'ذرّات' کا واحد ہے۔

A. زراعت

B. زرد

C. زر

D. ذرّہ

(IV) 'اختیار' کی جمع ہے۔

A. مختار

B. اختیارات

C. مختاری

D. اختراع

(V) 'مکان' کی جمع ہے۔

A. امکان

B. امکانات

C. مکانات

D. ممکنات

**سوال نمبر 5:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔** **1x4=4**

(I) 'حامد کل گھر جائے گا' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعل حال

B. فعل مستقبل

C. فعل ماضی

D. فعل مجہول

(II) 'بے' سابقہ والا مرکب لفظ ہے۔

A. بیگم

B. بیت

C. بیدار

D. بے بس

(III) 'احمد پڑھ رہا ہے' اس جملے میں کون سا فعل ہے ؟

A. فعل حال

B. فعل مستقبل

C. فعل ماضی

D. فعل مجہول

(IV) وہ کام جو آنے والے وقت میں ہو، اسے ۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

A. فعل حال

B. فعل مستقبل

C. فعل ماضی

D. فعل مجہول

(V) وہ نشان جو جملے کے ختم ہونے پر لگاتے ہیں، اسے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

A. ختمہ (۔)

B. سکتہ (،)

C. رابطہ (:)

D. سوالیہ نشان (؟)

**سوال نمبر 6:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔** **1x4=4**

(I) اردو کہاں پیدا ہوئی ؟

A. چین میں

B. نیپال میں

C. ہندوستان میں

D. جاپان میں

(II) موت کا ایک دن ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے ؟

A. طے

B. آنا

C. معین

D. جانا

(III) غالب کا اصل نام ہے؟

A. برکت اللہ خاں

B. رحمت اللہ خاں

C. اسد اللہ خاں

D. عظمت اللہ خاں

(IV) رضیہ سلطان نے میر آخور کا عہدہ کس کو دیا؟

A. التونیہ کو

B. رُکن الدین کو

C. یاقوت کو

D. کاظم الدین

(V) کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار کون تھا؟

A. لیفٹیننٹ

B. وزیر علی

C. گوراسپاہی

D. سپاہی

**سوال نمبر 7:۔نیچے دیے گئے سبھی سوالوں کے جواب لکھیے۔** **1x4=4**

(I) صحیح محاورہ ہے۔

A. پان رکھنا

B. مان رکھنا

C. کھان رکھنا

D. آن رکھنا

(II)'ڈھارس بندھنا' کا مطلب ہے۔

A. ہار جانا

B. دوستی کرنا

C. دل مضبوط ہونا

D. چونک جانا

(III) کھوپڑی میں۔۔۔۔۔۔۔(محاورہ مکمل کیجیے۔)

A. نہ سمانا

B. رہنا

C. بچنا

D. خلا ہونا

(IV) 'بغلیں جھانکنا' کا مطلب ہے۔

A. آواز دینا

B. بھاگ جانا

C. دوسری طرف دیکھنا

D. شرمندہ ہونا

**سوال نمبر 8:-درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر لکھیے۔** **1x5=5**

رضیہ سلطان ہندوستان کی پہلی ملکہ تھی جو دلّی کے تخت پر بیٹھی۔ وہ دہلی کے بادشاہ التتمش کی بیٹی تھی۔ اپنے بہن بھائیوں میں رضیہ سب سے زیادہ ذہین، محنتی اور ہوشیار تھی۔ باپ نے اپنی زندگی ہی میں اسے اپنا جانشین مقرر کر دیا۔ وہ جانتا تھا کہ بیٹے عیش پسند ہیں، بیٹی کے علاوہ کوئی اور حکومت چلانے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ اس نے اپنے آخری دنوں میں چاندی کے سکے پر رضیہ کا نام بھی شامل کر لیا تھا۔

التتمش کی وفات کے بعد دربار میں وزیر نے جب بادشاہ کی وصیت پڑھ کر سنائی تو ترک امیروں نے یہ پسند نہیں کیا کہ ایک عورت دلّی کے تخت و تاج کی مالک ہو۔ رضیہ نے یہ دیکھا تو امیروں سے کہا: ''میرے عورت ہونے پر اعتراض ہے تو میں امن کی خاطر اپنے بھائی رکن الدین کا نام پیش کرتی ہوں۔ آؤ ہم سب مل کر اس سے وفاداری کا عہد کریں۔

(1) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. آدمی کی کہانی

B. قول کا پاس

C. پانی کی آلودگی

D. رضیہ سلطان

(II) التتمش نے اپنی زندگی ہی میں کس کو اپنا جانشین مقرر کر دیا تھا؟

A. رضیہ سلطان کو

B. رکن الدین کو

C. بہرام کو

D. یاقوت کو

(III) بادشاہ کی وصیّت کو کس نے پسند نہیں کیا؟

A. رکن الدین نے

B. رضیہ سلطان نے

C. التونیہ نے

D. ترک امیروں نے

(IV) التتمش اپنے بیٹوں اور بیٹیوں میں سب سے ذہین کس کو مانتے تھے ؟

A. رکن الدین

B. بڑے بیٹے کو

C. رضیہ سلطان کو

D. چھوٹے بیٹے کو

(V) ہندوستان کی پہلی ملکہ کون تھی؟

A. بیگم زینت محل

B. رضیہ سلطان

C. رانی لکشمی بائی

D. بیگم حضرت محل

یا

اکبر بادشاہ مغلوں کا بہت مشہور بادشاہ گزرا ہے۔اس نے لڑائیاں لڑ کر ہندوستان کا بہت سا حصہ فتح کر لیا تھا۔ایک راجپوتانہ رہ گیا تھا،اکبر نے چاہا کہ اسے بھی فتح کر لے اور وہاں بھی سلطنت کرے۔ یہ ارادہ کر کے راجپوتانہ پر فوج کشی کی۔راجپوت اپنا ملک بچانے کے لیے لڑے تو بڑی بہادری سے مگر آخر کار ان کے پاؤں اکھڑ گئے۔راجپوتوں کا سردار رانا پرتاپ سنگھ اپنے بال بچوں کو لے کر کسی جنگل میں جا چھپا۔

راجپوتوں کے ایک سردار کا نام رگھوپت تھا۔ یہ بڑا بہادر اور جری تھا۔ اس نے کچھ لوگ اپنی فوج میں داخل کر لیے تھے اور ان کو ساتھ لے کر لڑا کرتا تھا۔ اس نے بہادری میں ایسا نام پیدا کر لیا تھا کہ بڑے بڑے **مغل** اس کا نام سن کر گھبرا جاتے تھے۔ اکبر کے سپاہیوں نے بڑی کوشش کی کہ کسی طرح اس کو پکڑ لیں مگر وہ ایک جگہ کب رہتا تھا جو اسے پکڑ سکتے۔

(I) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. آدمی کی کہانی

B. زبانوں کا گھر ہندوستان

C. نئی روشنی

D. قول کا پاس

(II) رگھوپت کے نام سے کون لوگ گھبراتے تھے؟

A. مغل

B. عوام

C. راجپوت

D. رانا پرتاپ سنگھ

(III) کون اپنے بال بچوں کو لے کر جنگل میں جا چھپا تھا؟

A. رگھوپت سنگھ

B. رانا پرتاپ سنگھ

C. اکبر بادشاہ

D. پہرے دار

(IV) اکبر کس خاندان کا بادشاہ تھا؟

A. تغلق

B. مغل

C. غلام

D. سید

(V) کس نے لڑائیاں لڑ کر ہندوستان کا بہت سا حصّہ فتح کر لیا تھا؟

A. رانا پرتاپ نے

B. رگھوپت سنگھ نے

C. افسر نے

D. اکبر نے

**سوال نمبر 9:-درج ذیل درسی شعری حصّے کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابات میں سے درست جواب تلاش کر لکھیے۔** 1x5=5

ہے دُنیا جس کا ناؤں میاں یہ اور طرح کی بستی ہے
جو مہنگوں کو تو مہنگی ہے اور سَستوں کو یہ سَستی ہے
یاں ہر دم جھگڑے اُٹھتے ہیں ہر آن عدالت بستی ہے
گر مَست کرے تو مستی ہے اور پَست کرے تو پستی ہے
کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے
اس ہاتھ کرو اُس ہاتھ مِلے یاں سودا دست بدستی ہے

جو اور کسی کا مان رکھے تو پھر اُس کو بھی مان مِلے
جو پان کھِلاوے پان ملے، جو روٹی دے تو نان ملے
نقصان کرے نقصان ملے، احسان کرے احسان ملے
جو جیسا جس کے ساتھ کرے، پھر ویسا اس کو آن ملے
کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے
اس ہاتھ کرو اُس ہاتھ مِلے یاں سودا دست بدستی ہے

(I) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کون ہیں؟

A. نظیر اکبر آبادی

B. اسمٰعیل میرٹھی

C. ساحر لدھیانوی

D. غالب

(II) کہاں ہر دم جھگڑے اٹھتے ہیں؟

A. گاؤں میں

B. شہر میں

C. دنیامیں

D. بازاروں میں

(III) کسی اور کا مان رکھنے والے کو کیا ملتا ہے؟

A. دھوکا

B. مان

C. پیسہ

D. غم

(IV) دوسروں کو روٹی دینے والے کو کیا ملتا ہے؟

A. پیسہ

B. نفع

C. نقصان

D. نان

(V) شاعر نے اور طرح کی بستی کس کو کہا ہے؟

A. جنگل کو

B. دنیا کو

C. بازار کو

D. وادی کو

یا

ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے
نازکی اس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے
میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز — اُسی خانہ خراب کی سی ہے
میرؔ اُن نیم باز آنکھوں میں
ساری مستی شراب کی سی ہے

(I) درج بالا غزل کے شاعر کون ہیں؟

A. میر انیسؔ

B. اسمٰعیل میرٹھی

C. میر تقی میرؔ

D. میر دردؔ

(II) لب کی نازکی کو شاعر نے کس سے تشبیہ دی ہے؟

A. حالت کی اضطرابی سے

B. گلاب کی پنکھڑی سے

C. نیم آنکھوں سے

D. سراب سے

(III) شاعر نے ہستی کو کس کی طرح بتایا ہے؟

A. گلاب کی طرح

B. حباب کی طرح

C. خانہ خراب کی طرح

D. نیم آنکھوں کی طرح

(IV) شاعر نے نمائش کو کس کی طرح بتایا ہے؟

A. خانہ خراب کی

B. سراب کی

C. شراب کی

D. اضطراب کی

(V) 'حباب' کا کیا مطلب ہے؟

A. محبوب

B. احباب

C. بُلبُلہ

D. خوشی

## (40) Part-B Writing Skill

**سوال نمبر10:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔** 2x4=8

I. اکبر، رگھوپت کی کس بات سے متاثر ہو گیا؟

II. شہروں کی گندگی کس طرح دریاؤں میں شامل ہو جاتی ہے؟

III. ہندوستان کی قبائلی نسلوں کے نام کیا ہیں؟

IV. ڈاکٹر امبیڈکر کا پورا نام کیا تھا؟ ان کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

V. کلاس میں بچے کس بات پر حیرت زدہ تھے؟ 'نئی روشنی' سبق کی روشنی میں جواب لکھیے۔

VI. تخت نشینی کے بعد رضیہ سلطان نے کیا عہد کیا؟

**سوال نمبر11:۔درج ذیل سوالوں میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔** 3x2=6

I. شاعر نے بیل بوٹوں کو مٹی سے اگا یا ہوا کیوں کہا ہے؟

II. کس کی ناؤ پار اترتی ہے؟ 'نیکی اور بدی' نظم کی روشنی میں جواب لکھیے۔

III. سعادت علی کو انگریزوں نے اودھ کے تخت پر کیوں بٹھایا؟

IV. ہر چیز سے ہے تیری کاری گری ٹپکتی

یہ کارخانہ تو نے کب رائیگاں بنایا

درج بالا شعر میں کارخانے سے کیا مراد ہے؟

**سوال نمبر12:۔درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 250الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔** 6

I. تعلیم کی اہمیت

II. رکشا بندھن

III. صبح کی سیر کی اہمیت

IV. یوم جمہوریہ

V. اسپورٹ ڈے

سوال نمبر13:۔دوست کی بہن کی شادی میں شرکت کے لیے پرنسپل کے نام دو دن کی چھٹّی کی درخواست لکھیے۔ 5

یا

موجودہ تعلیمی سرگرمیوں کا ذکر کرتے ہوئے اپنے دوست کو ایک خط لکھیے۔

سوال نمبر14:۔کسی کھیل یا تماشے کا آنکھوں دیکھا حال لکھیے۔ 5

یا

لاک ڈاؤن کے بعد اسکول کے بدلے ہوئے ماحول پر مختصر نوٹ لکھیے۔

**سوال نمبر15:۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** 5

I. نئی روشنی

II. اونتی

III. زبانوں کا گھر ہندوستان

**سوال نمبر16:۔ درج ذیل نظموں میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال لکھیے۔** 5

I. نیکی اور بدی

II. پہاڑ اور گلہری

III. حمد